فوری ریلیز کے لیے: 2025/11/21 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے FRESHCONNECT پروگرام کے تحت غذائی عدم تحفظ کا سامنا کرنے والے نیو یارکرز کے لیے اضافی مراعات کا اعلان کر دیا

چھٹیوں کے اس سیزن کے دوران نیو یارک خاندانوں کو دی جانے مدد و معاونت میں اضافہ کر رہا ہے اور FreshConnect کے چیکوں کی اضافی تفویض اب دستیاب ہے

FreshConnect نیو یارک کے ان باشندوں جو غذائی عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں حصہ لینے والی کسان منڈیوں سے تازہ خوراک خریدنے کی استعداد دیتا ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ غذائی عدم تحفظ کے شکار نیو یارک باشندوں کے لیے ریاست کے FreshConnect پروگرام کے تحت شرکت کرنے والی کسان منڈیوں میں اضافی مراعات اب دستیاب ہیں۔ فریش کنیکٹ کے ایمرجنسی رسپانس پروگرام (FreshConnect Emergency Response Program) کے ذریعے نیو یارک کی اہل کسان منڈیوں کے ساتھ شراکت داریاں کر رہا ہے تاکہ نیو یارک کے ضرورت مند باشندوں میں تازہ خوراک خریدنے کے لیے ہر ہفتے 20$ مالیت کے FreshConnect چیکس تقسیم کیے جا سکیں۔ وفاقی حکومت کی بندش کے بعد اور ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے بے ہودہ کٹوتیوں کے جواب میں اس ہنگامی امدادی کاوش کے لیے 106$ ملین کے فنڈزمیں سے مجموعی طور پر 2$ ملین وقف کر دیے گئے ہیں جنہیں گورنر نے خوراک کی ضروریات پوری کرنے میں مدد کے لیے بہت تیز رفتار کے ساتھ مہیا کر دیا ہے۔

"اب جبکہ واشنگٹن کے ریپبلکنز ان لوگوں کے فوائد میں کمی کرنے میں جُٹے ہوئے ہیں جنہیں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، تو میری انتظامیہ نے اس کے بالکل برعکس اقدامات پر اپنی توجہ مرکوز کی ہوئی ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہمارے FreshConnect پروگرام کی یہ ہنگامی توسیع وفاقی حکومت کے فوائد میں کمی کے بارے میں نیو یارک کے کثیر الجہت ردعمل کا ایک جزو ہے، کیونکہ ہم یہ امر یقینی بنانے کے لیے وہ سب کچھ کرتے رہتے ہیں جو ہمارے بس میں ہے کہ نیو یارک کے باشندے چھٹیوں کے اس موسم میں بھوکے نہ رہیں۔ میری نیو یارک کے اہل افراد سے پُرزور گزارش ہے کہ وہ اپنے قریب کوئی ایسی منڈی تلاش کریں جو اس پروگرام میں شامل ہے اور اس میں حصہ لیں۔"

ریاست نیو یارک کے کمشنر برائے زراعت Richard A. Ball (رچرڈ اے بال) نے کہا، "ہمارا FreshConnect پروگرام ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے تازہ اور مقامی خوراک خریدنے میں SNAP وصول کنندگان کی مدد کر رہا ہے تاکہ وہ کسان منڈیوں میں اپنی قوت خرید بڑھا سکیں، اور اسکے ساتھ ساتھ اس پروگرام نے نیو یارک کے کسانوں کی بھی مدد و معاونت جاری رکھی ہوئی ہے۔ اب چونکہ ہمیں ایک بہت مشکل بھرے اور ہنگامی ضرورت والے وقت کا سامنا ہے، تو مجھے خوشی ہے کہ یہ پروگرام کچھ خلا پُر کر کے زیادہ خوراک حاصل کرنے میں ان لوگوں کی مدد کر سکتا ہے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنی غیر متزلزل قیادت کے ذریعے اتنے مشکل چیلنج کا مقابلہ کرنا جاری رکھا، جبکہ ہم سب بھی یہ امر یقینی بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں کہ ہمارے خاندانوں کے پاس چھٹیوں کے موسم میں بھی اور پورا سال بھی اپنی میزوں پر رکھنے کے لیے کافی کھانا موجود ہو۔"

FreshConnect کے ایمرجنسی رسپانس پروگرام کے ذریعے نیو یارک کے ضرورت مند افراد کو 31 دسمبر 2025 تک سپلائی جاری رہنے کے دوران شرکت کرنے والی کسان منڈیوں سے خریداری کرنے کے لیے ہفتے میں ایک بار FreshConnect کے $20 چیک موصول ہو سکتے ہیں۔ FreshConnect پروگرام جو محکمہ زراعت اور مارکیٹس (Department of Agriculture and Markets) کے زیر انتظام ہے وہ عام طور سے SNAP پروگرام کے ایک جزو کے طور پر خرچ کردہ ہر $2 کے بدلے میں FreshConnect کے $2 مالیت کے چیک فراہم کرتا ہے، تاکہ خاندانوں کو ہر ڈالر کے بدلے میں ڈالر مل جائے جس سے انہیں SNAP کی اہل مزید غذائی اشیاء خریدنے کی استعداد حاصل ہو سکے۔ FreshConnect کے جس ایمرجنسی رسپانس پروگرام کا آج اعلان کیا گیا اس کے لیے SNAP کے ڈالر مشابہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

صارفین اپنے FreshConnect ایمرجنسی رسپانس چیکس کو SNAP کی اہل غذائی اشیاء خریدنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں جن میں پھل، سبزیاں، گوشت، مچھلی، مرغی، روٹی، شہد، چٹنیاں، دودھ سے بنی مصنوعات، پاستا، بیکری کی چیزیں، اور مزید بہت کچھ شامل ہے۔ ان چیکوں کو ادائیگی کی کسی بھی دوسری صورت کے ساتھ ہم آہنگی میں خرچ کیا جا سکتا ہے، جن میں SNAP EBT یا ٹوکنز اور غذائی ترغیب کے دیگر کوپنز شامل ہیں۔

حصہ لینے والی منڈیاں پوری ریاست میں تلاش کی جا سکتی ہیں اور ان منڈیوں کی مکمل فہرست agriculture.ny.gov/market-schedule-freshconnect-emergency-response-program پر دستیاب ہے۔ یہ فائدہ حاصل کرنے میں دلچسپی رکھنے والے نیو یارک کے باشندوں کو حصہ لینے کا طریقہ جاننے کے لیے حصہ لینے والی منڈیوں کی منیجمنٹ یا معلوماتی ٹیبل پر جانا چاہیے۔

حصہ لینے والی ہر منڈی کو تقسیم کرنے کے لیے محدود تعداد میں کوپن ملے ہیں۔ یہ مقامات مارکیٹ ٹریفک اور کوپنوں کی زیادہ مانگ کی توقع کر رہے ہیں، لہٰذا نیو یارک کے باشندوں کو یہ بات مدنظر رکھنی ہوگی کہ ان فوائد تک رسائی کے لیے انہیں طویل انتظار کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ محکمہ اور مارکیٹ مینیجرز شرکاء کے صبر و تحمل کے لیے انکا پیشگی شکریہ ادا کرتے ہیں۔

Farmers Market Federation of New York کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Jack Riffle (جیک ریفل) نے کہا، "کسن منڈیاں، کاشتکاران، اور نیو یارک کے وہ باشندے جو غذائی امداد کے پروگرام پر انحصار کرتے ہیں وہ FreshConnect پروگرام کی ہنگامی توسیع کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ ایک فیڈریشن کی حیثیت میں ہم وفاقی حکومت کے شٹ ڈاؤن اور SNAP فوائد کی تقسیم کے معاملے میں پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال کے دوران مارکیٹوں اور خریداروں کی مدد کرنے کے لیے بہت سی الجھنوں کا شکار رہے۔ FreshConnect کے ایمرجنسی رسپانس چیکس کھانے کی امداد کی ضرورت رکھنے والے افراد کے لیے نمایاں فرق پیدا کریں گے، اور ان چیکوں سے انہیں غذائیت سے بھرپور خوراک تک رسائی پانے میں مدد ملے گی اور ساتھ ہی نیو یارک کے کسانوں کے نچلے طبقات کی بھی اعانت ہو جائے گی۔"

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey (مشیل ہینچی) نے کہا، "Trump (ٹرمپ) انتظامیہ بار بار خاندانوں کو خوراک حاصل کرنے میں مدد دینے والی معاونت سے اجتناب کرتی رہی ہے، جبکہ نیو یارک اپنے باشندوں کا خیال رکھنے کے لیے اقدامات کر کے اس کے بالکل برعکس کام کر رہا ہے۔ چھٹیوں کے اس سیزن میں FreshConnect کے ہمت افزا چیکوں کا مطلب یہ ہوگا کہ زیادہ سے زیادہ خاندان اپنے گروسری بیگوں کو نیو یارک کے کسانوں کے تازہ اور مقامی طور پر اگائی گئی غذائی اشیاء سے بھر سکتے ہیں۔ میں ان فنڈز کی ترسیل کی رفتار بڑھانے، بھوک کے خلاف جنگ میں ہمارے ساتھ کھڑے ہونے، اور نیو یارک کے ہر شہری کے وقار اور صحت کے لیے سچے جذبے سے کام کرنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں۔"

راچسٹر شہر کے میئر Malik D. Evans (مالک ڈی ایوانز) نے کہا، "یہ پروگرام نہ صرف ہماری کمیونٹی میں غذائی عدم تحفظ کا سامنا کرنے والے ان سینکڑوں خاندانوں کی مدد کرتا ہے جو تازہ، صحت بخش خوراک کے لیے راچسٹر (Rochester) کی عوامی منڈی پر انحصار کرتے ہیں، بلکہ یہ کسانوں اور دیگر چھوٹے کاروباروں کے لیے بھی وہ انتہائی ضروری اعانت فراہم کرتا ہے جو سردیوں کا موسم آتے ہی منڈی کا رخ کرتے ہیں۔ ہم اس مشکل

وقت میں راچسٹر کے خاندانوں اور کسانوں کی مدد کرنے کا یہ عمدہ موقع دینے پر محکمہ برائے زراعت اور مارکیٹس کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔"

وسطی نیو یارک کی علاقائی مارکیٹ (Central New York Regional Market) کے CEO William Fisher (ولیم فشر) نے کہا، "FreshConnect ایمرجنسی رسپانس پروگرام ہمارے صارفین اور دکانداروں کے لیے بہت ہی موزوں وقت پر آیا ہے۔ امریکی حکومت کے تاریخ میں سب سے طویل شٹ ڈاؤن کے بعد، ہم نے 15 نومبر کو اپنے ہفتہ بازار میں ریکارڈ تعداد میں FreshConnect کے کوپن تقسیم بھی کیے اور انہیں استعمال ہوتے ہوئے بھی دیکھا۔ اب جبکہ شکرگزاری اور چھٹیوں کا پورا سیزن قریب آ رہا ہے، تو ہم ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے زراعت اور مارکیٹس کا جتنا شکریہ ادا کریں کم ہے کہ انہوں نے اپنے FreshConnect پروگرام کے ذریعے کتنا شاندار کام کر دکھایا ہے۔"

جیسا کہ حالیہ ہفتوں میں اعلان کیا گیا، گورنر Hochul (ہوکل) نے خوراک کے ہنگامی پروگراموں کے لیے اضافی امداد کی مد میں $106 ملین وقف کر دیے ہیں، بشمول:

- ان پروگراموں کے لیے $65 ملین کے نئے ریاستی فنڈز جو فوڈ بینکس، پینٹریز، سوپ کچنز اور دیگر امور میں معاونت کرتے ہیں تاکہ نیو یارک کے باشندوں کو ہنگامی غذائی امداد فراہم کی جا سکے
- 16 ملین سے زیادہ کھانے مہیا کرنے میں مدد کے لیے $30 ملین کے ریاستی فنڈز کی ترسیل کی رفتار تیز کرنا
- نیو یارک کے ضرورت مند باشندوں کے لیے خوراک کی ہنگامی امداد کی مد میں $11 ملین سے زیادہ کی رقم مختص کرنا

پروگرام کے آغاز سے ہی، وفاقی فنڈنگ سے ہی SNAP مراعات فراہم کی جاتی رہی ہیں۔ تقریباً $650 ملین کی ماہانہ وفاقی فنڈنگ سے فراہم کردہ SNAP مراعات نیو یارک کی جانب سے نیو یارک کے تقریباً 3 ملین شہریوں میں تقسیم کی جاتی ہیں۔ اس پروگرام کے حجم کو مدِنظر رکھتے ہوئے، گورنر Hochul (ہوکل) نے ملک بھر کے دیگر گورنروں کے ساتھ بارہا اس بات پر زور دیا ہے کہ کوئی بھی ریاستی حکومت SNAP مراعات کا متبادل فراہم نہیں کر سکتی اور نہ ہی اس پروگرام کی کمی پوری کر سکتی ہے۔

FreshConnect پروگرام کے متعلق معلومات

ریاست نیو یارک نے سنہ 2011 میں FreshConnect Checks نامی پروگرام کا آغاز کیا تاکہ کسانوں کی نئی منڈیاں بنائی جائیں اور ان موجودہ منڈیوں کی مدد و معاونت کی جائے جو زیادہ ضرورت مند محلوں میں تازہ کھانوں کے لیے پتھارے اور دکانیں مہیا کرتی ہیں۔ FreshConnect کا ہدف یہ ہے کہ غریب و لاچار کمیونٹیز کے لیے تازہ خوراک تک رسائی میں اضافہ کیا جائے اور کسان منڈیوں کے دکانداروں اور کاشتکاروں کے لیے آمدنی کے ذرائع پیدا کرتے ہوئے نئے گاہکوں تک پہنچنے میں ان کی مدد کی جائے جس سے معاشی ترقی کو فروغ ملے گا۔ FreshConnect کے چیکوں کو وہ پیداوار کنندگان اور کاشتکاران قبول کر سکتے ہیں جو SNAP کے لیے اہل غذائی اشیاء ریاست نیو یارک کی کسی بھی کسان مارکیٹ، فارم اسٹینڈ، یا موبائل مارکیٹ میں فروخت کرتے ہیں۔

سنہ 2024 میں 71 کسان منڈیوں نے اس پروگرام میں حصہ لیا تھا اور 1,466,750 کوپن صارفین کے لیے دستیاب کیے گئے تھے۔

###